# تعریفات اصول حدیث

1) اصول حدیث :-
ایسے قوانین کا علم جس کے ذریعے قبول اور رد کے اعتبار سے سند اور متن کے احوال پہچانے جاتے ہیں۔

2) خبر :-
یہ حدیث کے مترادف ہے لیکن یہ نبی کریم اور غیر کی طرف منسوب ہوتی ہے۔

3) سند :-
متن کے رستے کو بیان کرنا

4) متن :-
کلام کا وہ حصہ جہاں تک سند کی انتہاء ہوتی ہے۔

5) حدیث متواتر :-
وہ حدیث جس کو روایت کرنے والے اتنے افراد ہوں جن کا جھوٹ پر متفق ہونا محال ہو۔

6) متواتر لفظی :-
وہ حدیث متواتر جو لفظاً بھی تواتر کی حد تک ہو

7) متواتر معنوی :-
وہ حدیث جس کا مفہوم و معنیٰ تو تواتر کی حد تک ہو لیکن الفاظ مختلف ہوں۔

8) مشہور :-
وہ حدیث جس کو تین راوی یا اس سے زیادہ روایت کریں لیکن حدِ تواتر تک نہ پہنچے ہوں

9) عزیز :-
وہ حدیث جس کو دو راوی کم سے کم دو سے ہی روایت کریں۔

10) غریب :-
وہ حدیث جس کو اکیلا شخص روایت کرے یعنی سند میں سے کہیں بھی اکیلا راوی ہو۔

Scanned with CamScanner

(11) غریب مطلق:۔
اصل سند میں غرابت پائی جائے

(12) غریب نسبی:۔
سند کے درمیان میں کہیں غرابت پائی جائے۔

(13) مستفیض:۔
ایسی خبر جس کے راوی ابتداء سند، اثناء سند اور انتہاء سند میں برابر ہوں۔

(14) خبر واحد:۔
لغتاً: جس کو اکیلا شخص روایت کرے۔
اصطلاحاً: وہ حدیث جو تواتر کی شرائط تک نہ پہنچے۔

(15) مقبول:۔
وہ حدیث جس میں مخبر بہ کا صدق ترجیح پا جائے۔

(16) مردود:۔
جس میں مخبر بہ کا صدق ترجیح نہ پائے۔

(17) محتف بالقرائن:۔
ایسی حدیث جس میں ایسی صفات یا احوال ہوں جو اس کو تقویت دیں اور اس سے جھوٹ اور خطاء کی نفی کریں۔

(18) مسلسل:۔
وہ حدیث جس کو راویوں نے ایک ہی صفت، ایک ہی حالت یا ایک ہی فعل پر روایت کیا ہو۔

(19) صحیح لذاتہ:۔
وہ خبر واحد جس کو عادل اور تام الضبط نقل کرے اور وہ متصل السند ہو اور غیر معلل اور غیر شاذ ہو

Scanned with CamScanner

20) ضبط:
ایسا ملکہ جو راوی کو اس بات پر ابھارے کہ جیسے
اس نے حدیث سنی ہے ویسے بیان کریں۔
21) ضبط صدر:
جس طرح راوی نے حدیث سنی ہو اسی طرح
محفوظ رکھے اور اس کو بیان کرنے پر قادر ہو جب چاہے۔
22) ضبط الکتاب:
جب سے سنا ہو اس وقت سے لے کر اپنے پاس
محفوظ رکھے اور اس کو صحیح کر کے آگے ادا کر سکے۔
23) صحیح لغیرہ:
حسن لذاتہ میں وہ جو کمی کو پورا کیا جا سکے تو صحیح لغیرہ
24) حسن لذاتہ:
وہ حدیث صحیح لذاتہ جس میں راوی کا ضبط خفیف
ہو وہ حسن لذاتہ ہوگی۔
25) حسن لغیرہ:
اگر کوئی ایسا قرینہ ہو جو جانب توقف
کو ترجیح دے اس کو حسن لغیرہ کہتے ہیں۔
26) ضعیف:
جس میں صحیح و حسن کی صفات نہ پائی جاتی ہوں
27) یقین:
وہ اعتقاد جازم جو واقع کے مطابق ہو۔
28) علم ضروری:
ایسا علم جس کو ماننے پر انسان مجبور ہو اس طور
پر کہ اسے رد نہ کر سکے۔
29) علم استدلالی:
وہ علم جو حاصل نہ ہو مگر بحث اور استدلال کے ساتھ

Scanned with CamScanner

30) معروف:
وہ حدیث جسے قوی راوی ضعیف کی مخالفت کرتے ہوئے روایت کرے۔

31) منکر:
وہ حدیث جسے ضعیف راوی اپنے سے قوی راوی کی مخالفت کرتے ہوئے روایت کرے۔

32) محفوظ:
جس کو اوثق راوی ثقہ کی مخالفت کرتے ہوئے روایت کرے۔

33) الشاذ:
لغتاً میں منفرد کو کہتے ہیں اور اصطلاحاً جس کو ثقہ راوی اپنے سے زیادہ ثقہ راوی کی مخالف روایت کرے۔

34) متابعہ:
ایک راوی کا اسی حدیث میں دوسرے راوی کی موافقت کرنا۔

35) شاہد:
ایک حدیث اگر لفظاً معناً یا صرف معناً دوسری حدیث سے مشابہت رکھے تو اسے شاہد کہتے ہیں بشرطیکہ دونوں کے راوی جدا ہوں

36) محکم:
ایسی خبر مقبول کہ جس کے معارض کوئی اور خبر یا دلیل نہ ہو۔

37) نسخ + ناسخ:
دلیل شرعی کے ساتھ ایک شرعی حکم کو دوسرے شرعی حکم سے اٹھانا دلیل کے ساتھ جو رفع پر دلالت کرے وہ ناسخ ہوگی۔

38 متصل:
وہ حدیث جس کی سند سقوط سے سلامت ہو اس طور پر کہ ہر راوی نے وہ حدیث اپنے شیخ سے سنی ہو۔

Scanned with CamScanner

39) مُعَلَّل :-

لغۃً : جس میں علت ہو اصطلاحاً : جس میں ایسی خفی علت ہو جو عیب لگانے والی ہو۔

40) معلق :-

اگر سند میں سے سقوط شروع میں ہو چاہے وہ ایک راوی ساقط ہو یا زیادہ معلق کہلاتی ہے۔

41) مرسل :-

اگر سند میں سے سقوط آخر سے ہو یعنی صحابی کے بعد ہو تو اسے مرسل کہتے ہیں۔

42) معضل :-

اگر سند میں سے دو راوی یا زیادہ لپے درپے ساقط ہوں تو اسے معضل کہتے ہیں۔

43) منقطع :-

اگر سند میں سے دو راوی دو مختلف جگہوں سے ساقط ہوں تو اسے منقطع کہتے ہیں۔

44) مُدَلَّس :-

ایسی حدیث جس میں راوی اپنے شیخ کا ذکر نہ کرے بلکہ اس سے سماعت کا وہم ڈالے جس سے اس نے حدیث نہ سنی ہو۔

45) مردود :-

ایسی حدیث جس میں سند میں سقوط پایا جائے یا راوی میں طعن کی وجوہات میں سے کوئی وجہ پائی جائے۔

46) طعن کے اسباب

5 کا تعلق عدالت سے ہے (1) کذب (2) تہمت کذب (3) فسق (4) بدعت (5) جہالت اور پانچ کا تعلق ضبط کے ساتھ ہے

(1) فحش غلط (2) غفلت (3) وہم (4) مخالفت ثقات (5) سوء حفظ

Scanned with CamScanner

47) موضوع:۔
وہ حدیث جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جھوٹ باندھا گیا ہو۔

48) متروک:۔
وہ حدیث جس کو ایسے راوی نے روایت کیا ہو جو متہم بالکذب ہو اور وہ روایت کرنے میں بھی اکیلا ہو۔

49) مقلوب:۔
وہ حدیث جس میں راوی نے بھولے سے یا جان بوجھ کر سند یا متن سے کچھ تبدیل کیا ہو۔

50) مضطرب:۔
وہ حدیث جس کو ایک راوی کی طرف سے یا مختلف راویوں کی طرف سے مختلف صورتوں پر روایت کیا جائے اور ان میں سے کسی کو ترجیح بھی نہ دی جا سکتی ہو اور نہ ہی جمع کرنا ممکن ہو۔

51) مرفوع:۔
وہ حدیث جس کی اضافت نبی کریم ﷺ کی طرف کی گئی ہو۔

52) موقوف:۔
وہ حدیث جس کی اضافت صحابی کی طرف کی گئی ہو۔

53) مقطوع:۔
جس کی اضافت تابعی یا ما بعد کی طرف کی گئی ہو۔

54) حدیث قدسی:۔
جس کی اضافت نبی کریم ﷺ کی طرف ہو اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو اللہ کی طرف منسوب کیا ہو۔

55) مسند:۔
عند الخطیب متصل ہی مسند ہے
عبد البر کے نزدیک مرفوع مسند ہے
جمہور کے نزدیک جس کی سند مرفوعاً متصل ہو۔

Scanned with CamScanner